تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

May 25, 2023

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ میں ماحولیات کے عالمی دن کا اہتمام

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے شعبہ ٹورزم نے ٹورزم اور ہاسپٹالیٹی کے میدان میں ماحولیات کے تحفظ کے تئیں اپنی پیہم کوششوں کے اظہار کے لیے بائیس مئی دو ہزار تیئس کو ماحولیات کا عالم دن منایا۔

شعبے کی صدر پروفیسر سارہ حسین نے ٹورزم سیکٹر کے اندر ماحولیات کے تحفظ کی اہمیت اور اس کے لیے لگاتار اور پیہم کی جانے والی کوششوں سے متعلق اپنے بیش قیمت افکار کا اظہار کیا۔ پروفیسر نمت چودھری نے ماحول کو محفوظ رکھنے اور ذمہ دار ٹورزم کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ ڈاکٹر نصرت یاسمین (طلبا مشیر) ڈاکٹر عبد القادر، ڈاکٹر ونے کمار دیو اور دیگر فیکلٹی اراکین نے پروگرام کے کامیاب انعقاد کے لیے اپنے گراں قدر مشورے، تعاون اور رہنمائی سے نوازا۔

پروگرام کی ابتدا حلف تقریب سے ہوئی جس میں فیکلٹی اراکین اور طلبا نے ماحول کو محفوظ اور سلامت رکھنے کا عہد لیا۔ تخلیقی اظہار اور تنقیدی غور وفکر کو فروغ دینے کی غرض سے مضمون نویسی کا مقابلہ منعقد کیا گیا۔ شرکا کو مدعو کیا گیا کہ ماحولیاتی سلامتی اور تحفظ، پائے دار ٹورزم اور سبز وخوش حال مستقبل کے فروغ میں ہاسپٹالیٹی انڈسٹری کے رول سے متعلق اپنے تناظرات پیش کریں۔

پروگرام کی ایک بات شجر کاری مہم تھی جہاں صدر شعبہ پروفیسر سارہ حسین نے دیگر فیکلٹی اراکین اور طلبا کے ساتھ مل کر مختلف النوع پودے لگائے۔ اس عمل سے نہ صرف کیمپس ہر بھرا اور سرسبز وشاداب ہوگا بلکہ مقامی ماحولیات کی بحالی، بایو ڈائیورسٹی کے فروغ اور کیمپس میں پائے دار ماحولیات کو پیدا کرنے میں بھی مدد ملے گی۔

عالمی یوم ماحولیات کی تقریب کے موقع پر شعبہ ٹورزم نے ذمہ دار ٹورزم اور ہاسپٹالیٹی کی اہمیت پر زور دیا۔ فیکلٹی اراکین نے طلبا کے ساتھ مذاکراتی عمل جاری رکھا جس سے شرکا کو پائے دار عمل اور ماحولیات پر اس کے اثر کے سلسلے میں فکر انگیز مباحثے ہوئے۔ افکار کے اس باہمی اشتراکی لین دین سے آموزش کا عمل سود مند ہوگا اور مزید پائے دار اور خوش حال مستقبل کی تعمیر میں ایک فرد کیا رول ادا کرسکتا ہے اس سلسلے میں گہری سمجھ کو بھی فروغ ملے گا۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی

Twitter handle:@jmiu_official,Facebook:)

@jmiofficial,instagram:

@jamiamilliaislamia_official,linkedhin:

@jamiamilliaislamia and You Tub

MediaOffice,Jamia Millia Islamia)